**09.04.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......شمیم احمد

**Music**

-------------------------------

☆ آسام، کیرالم اور پڈوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹنگ پُرامن طور پر ختم ہوگئی۔ آسام میں 85 فیصد ووٹروں نے ووٹ ڈالے۔ کیرالم میں 78 فیصد اور پڈوچیری میں تقریباً 89 فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

☆ مغربی بنگال اور تمل ناڈو کے اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے بڑے لیڈر اپنے امیدواروں کی حمایت میں ریلیاں کر رہے ہیں۔

☆ مالی برس 2025-26 میں بھارت نے ریکارڈ سب سے زیادہ سالانہ شمسی توانائی کی صلاحیت کا اضافہ کیا ہے جو تقریباً 45 گیگاواٹ ہے۔

☆ اسرائیل کا کہنا ہے کہ لبنان امریکہ اور ایران کے درمیان جاری جنگ بندی کا حصہ نہیں ہے۔

☆ اور ایشین باکسنگ چمپئن شپ میں بھارت کی خواتین مکّے بازوں نے منگولیا میں سونے کا چار تمغوں سمیت 10 تمغے جیتے ہیں۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Assembly Election Polling**

آسام، کیرالم اور مرکز کے زیر انتظام علاقے پڈوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹنگ پُرامن طور پر ختم ہوگئی۔ آسام میں 126 سیٹوں کیلئے، کیرالم میں 140 سیٹوں کیلئے اور پڈوچیری میں 30 سیٹوں کیلئے ووٹروں نے آج ووٹ ڈالے۔ آسام میں 85 اعشاریہ چار صفر فیصد ووٹ ڈالے گئے۔ سب سے زیادہ ساؤتھ Salmara Mankachar ضلع میں 95 اعشاریہ ایک سات فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

**VC Aminul Haque**

مختلف علاقوں میں موسم کی خراب صورتحال کے باوجود کئی پولنگ مراکز پر لمبی قطاریں دیکھی گئیں۔ ریاست میں پچھلے چار اسمبلی انتخابات کے مقابلے اِس بار سب سے زیادہ ووٹ ڈالے گئے۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما کی نمائندگی والے حلقے Jalukbari میں 81 اعشاریہ پانچ چار فیصد ووٹ ڈالے گئے۔ وہ انڈین

نیشنل کانگریس کے **Bidisa Neog** کے خلاف مقابلہ کر رہے ہیں۔ ایک اور اہم مقابلہ **Dispur** میں دیکھا گیا جس کیلئے کانگریس کے امیدوار **Mira Borthakur** اور **BJP** کے امیدوار **Prodyut Bordoloi** میدان میں ہیں۔ جورہاٹ میں تین طرفہ مقابلے میں کانگریس کے گوروگوگوئی، **BJP** کے ہتیندر ناتھ گوسوامی اور عام آدمی پارٹی کے درمیان مقابلہ ہے۔

آسام سے ابین الحق کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

کیرالم میں 78اعشاریہ صفر پانچ فیصد ووٹروں نے ووٹ ڈالے۔ سب سے زیادہ کوزی کوڈ میں 80اعشاریہ آٹھ نو فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

پیش ہے ایک رپورٹ...

**VC Smithy**

سبھی تینوں بڑے محاذوں نے اپنے حق میں سب سے زیادہ ووٹ ڈالے جانے کا دعویٰ کیا ہے۔ ریاست میں 140اسمبلی حلقوں کیلئے 883امیدوار میدان میں ہیں۔ وزیر اعلیٰ اور **CPM** کے لیڈر پینا رائی وجین دھرما دم سے مقابلہ کر رہے ہیں جبکہ اپوزیشن اور کانگریس کے لیڈر وی ڈی ستیشن **Paravur** سے مقابلہ کر رہے ہیں۔ **BJP** کے ریاستی صدر راجیو چندر شیکھر **Nemom** سے میدان میں ہیں۔ دیگر اہم امیدواروں میں مرکزی وزیر اور **BJP** کے لیڈر جورج کورین، ریاستی وزیر اور **CPIM** کے لیڈر کے این بالا گوپال، **KPCC** کے صدر سنی جوزف اور **BJP** کے سابق ریاستی صدر کے سریندرن شامل ہیں۔

تھیروننتا پورم سے **Smithy** کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

پڈوچیری نے اپنے اسمبلی انتخابات میں اب تک کے سب سے زیادہ ووٹ ڈالے جانے کے اعتبار سے تاریخ رقم کی اور پورے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں جمہوری عمل میں شراکت داری کی ایک استثنائی مثال قائم کی۔ یہاں 89اعشاریہ آٹھ تین فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

پیش ہے ایک تفصیلی رپورٹ...

**VC Bibin S Nath**

اِس سال تقریباً 90فیصد ووٹروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ اِس طرح پولنگ کا ایک نیا ریکارڈ قائم ہوا۔ اسمبلی حلقوں میں **Uussudu** حلقے میں سب سے زیادہ 94اعشاریہ تین–نو فیصد رائے دہندگان نے ووٹ ڈالے، جبکہ ماہے میں سب سے کم 77اعشاریہ چار–ایک فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ پولنگ ختم ہونے کے بعد الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کو سِیل کر دیا گیا ہے اور اُنہیں پدوچیری کے چھ مراکز میں واقع اسٹرانگ رومز میں منتقل کیا جا رہا ہے۔ اہم امیدواروں میں وزیر اعلیٰ این رَنگا سامی، ریاستی کانگریس کمیٹی کے صدر **V. Vaithilingam** **BJP،MP** کے ریاستی صدر **V.P. Ramalingam** اور ریاستی وزیر داخلہ **A. Namassivayam** شامل ہیں۔

پدوچیری سے **Bibin S Nath** کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمار۔

ضمنی انتخابات میں کرناٹک کے باگل کوٹ میں 68اعشاریہ سات صفرفیصد ووٹ ڈالے گئے جبکہ داوَن گرے ساؤتھ میں 68اعشاریہ پانچ پانچ فیصد ووٹ ڈالے گئے۔ ناگالینڈ کے **Mokokchung** ضلع میں **Koridang**

اسمبلی حلقے میں 82اعشاریہ دو ایک فیصد ووٹ ڈالے گئے۔ تریپورہ کے دھرم نگر حلقے میں 80اعشاریہ صفر چار فیصد ووٹ ڈالے گئے۔ آسام، کیرالم، تمل ناڈو، مغربی بنگال اور پڈوچیری میں ووٹوں کی گنتی اگلے ماہ کی 4تاریخ کو ہوگی۔x

**WB PM Parivartan Sankalp**

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے Haldia، آسنسول اور Suri میں آج پریورتن سنکلپ ریلیوں سے خطاب کیا۔ BJP امیدواروں کی حمایت کرتے ہوئے وزیر اعظم نے صاف لفظوں میں کہا کہ ملک کے بقیہ حصوں میں تیزی سے ترقی کا سلسلہ جاری ہے جبکہ ترنمول کانگریس نے بنگال کو پیچھے ڈھکیل دیا ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ کانگریس اور بائیں بازو کی حکمرانی کے تحت کئی دہائیوں تک تنزلی کے بعد TMC نے بدعنوانی کے ذریعے ریاست کو مزید نقصان پہنچایا۔ انھوں نے یقین دلایا کہ بدعنوانی کے تمام معاملوں کی تحقیقات کی جائے گی۔ آئینی حقوق کی بالادستی قائم ہوگی اور ریاست کے ملازمین اور ٹیچروں کیلئے ساتویں تنخواہ کمیشن پر عمل کیا جائے گا۔

وزیراعظم نے اپنی مہم کے ایک حصے کے طور پر آسنسول میں ایک بہت بڑا روڈ شو بھی کیا۔

ترنمول کانگریس کی سربراہ اور وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے آج کہا کہ BJP کی بنگال پر قبضہ کرنے کی مبینہ کوششوں کے باوجود آنے والے اسمبلی انتخابات میں اُن کی پارٹی فتحیاب بن کر اُبھرے گی چاہے BJP نے اِس کیلئے SIR کے ذریعے ووٹروں کی فہرست سے 90لاکھ لوگوں کے نام ڈیلیٹ ہی کیوں نہ کردیئے ہوں۔ اپنی پارٹی کی امیدوار اوشا رانی مونڈل کی حمایت میں Minakhan میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے دعویٰ کیا کہ سبھی مذاہب اور فرقے کے لوگوں کے ناموں کو ہٹایا گیا ہے۔

تمل ناڈو میں BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزرا پیوش گوئل، ڈاکٹر ایل مروگن، ریاستی BJP کے سابق لیڈر اَنّاملائی، NDA اتحاد کے امیدواروں کیلئے ووٹروں کو راغب کر رہے ہیں۔

AIADMK کے لیڈر Edappadi پلانی سامی، DMK کے سربراہ اور تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن، Udhayandhi اسٹالن، Sengottaiyan، پریم لتا وجے کانت، ڈاکٹر امبومنی، کنی موجھی اور دیگر کئی لیڈر اپنی پارٹیوں کیلئے ووٹ حاصل کرنے کی غرض سے ریاست کے مختلف حصوں کا دورہ کر رہے ہیں۔

**PM OPED**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ قانون ساز اداروں میں خواتین کیلئے ریزرویشن وقت کی ضرورت ہے تاکہ بھارتی جمہوریت کو مزید درخشاں اور شراکت والی بنایا جاسکے۔ Op-ED میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اِس ریزرویشن کو لانے میں کسی بھی قسم کی تاخیر انتہائی افسوسناک ہوگی۔ ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پارلیمنٹ میں اِس ماہ کی 16تاریخ کو ایک اہم بل پر بحث اور اُسے منظور کرانے کیلئے اجلاس طلب کیا گیا ہے جو خواتین کے ریزرویشن کی بات کرتا ہے۔

**S/B 1500 PM on Women Reservation**

**Prahalad Joshi Solar Capacity**

بھارت نے مالی سال 2025-26 کے دوران 45 گیگاواٹ کی ریکارڈ سالانہ شمسی صلاحیت کا اضافہ کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا کہ یہ کامیابی توانائی کے تحفظ، پائیدار ترقی اور وکست بھارت کے وژن کے تئیں بھارت کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ مارچ 2026 میں چھ اعشاریہ چھ پانچ گیگاواٹ شمسی صلاحیت کا اضافہ ہوا جو ایک مہینے میں سب سے زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ راجستھان، گجرات اور تمل ناڈو وہ سرفہرست ریاستیں ہیں، جو ملک کو صاف اور محفوظ توانائی کی طرف لے جا رہی ہیں۔ x

**Manohar Bhutan Visit**

بجلی کے وزیر منوہر لال نے بھوٹان کے اپنے چار روزہ دورے کے دوران آج بھوٹان کے وزیر اعظم شیرنگ ٹوبگے سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماں نے ماحولیات کیلئے سازگار توانائی اور پائیدار ترقی کے شعبے میں باہمی اشتراک و تعاون کو بڑھانے کے مشترکہ عزم کو دوہریا۔

جناب منوہر لال نے بھوٹان کے توانائی اور قدرتی وسائل کے وزیر Lyonpo Gem Tshering سے بھی ملاقات کی۔ اس موقع پر دونوں ملکوں نے Punatsangchhu-II پن بجلی پروجیکٹ کے ٹیرف ضابطے اور ری ایکٹیو پاور ایکسچینج کے ری ایکٹیو انرجی اکاؤنٹنگ کے طریقۂ کار پر دستخط کیے۔ اُن کا یہ دورہ، بھارت اور بھوٹان کے باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی سمت ایک اور اہم قدم ہے۔ x

**Inter Ministerial Briefing**

فارماسیوٹیکل محکمے کے جوائنٹ سکریٹری ستیہ پرکاش T.L. نے آج بتایا کہ ملک میں ضروری ادویات کی بلارکاوٹ سپلائی کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ محکمے قریبی تال میل کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ مغربی ایشیا کے بحران کے تعلق سے نئی دلّی میں ایک بین وزارتی بریفنگ کے دوران جناب ستیہ پرکاش نے بتایا کہ فارمیسی سے متعلق عالمی سپلائی چین اِس بحران کی وجہ سے متاثر ہوئی ہے۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ حکومت نے ادویات سازی کی صنعت کو تعاون دینے اور اِس سے متعلق اشیا کی دستیابی کو برقرار رکھنے کیلئے پیٹروکیمیکل مصنوعات پر کسٹمز ڈیوٹی کو 40 سے گھٹا کر صفر کردیا ہے۔ بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی راستوں کی وزارت میں ایڈیشنل سکریٹری مکیش منگل نے مطلع کیا کہ بھارتی جہاز گرین آشا LPG لے کر آج صبح بحفاظت JNPA پہنچ گیا ہے۔x

**DPD Journals Waves**

اطلاعات ونشریات کی وزارت کے تحت دی پبلی کشن ڈویژن نے اپنے اہم ترین جریدوں یوجنا، کُرکشیتر، آجکل، بال بھارتی اور ہفتے وار ایمپلائمنٹ نیوز کو پرسار بھارتی کے WAVES OTT پلیٹ فارم پر مفت مہیا کرا

دیا ہے۔ اطلاعات ونشریات کی وزارت نے کہا کہ اِس اسکیم کا مقصد ملک بھر کے قارئین کو بھروسے مند، معلوماتی اور ثقافتی اعتبار سے مالامال مشمولات تک رسائی مہیا کرانا ہے۔ وزارت نے کہا کہ اِس ماہ کے آخر تک WAVES پلیٹ فارم پر تقریباً 300اضافی ای-بُک بھی دستیاب کرا دی جائیں گی۔x

## Rev Israel Hezbullah

اسرائیلی دفاعی فورسز IDF نے کہا ہے کہ اُس نے بیروت میں حزب اللہ کے سکریٹری جنرل نعیم قاسم کے پرسنل سکریٹری علی یوسف Harshi کو ہلاک کر دیا ہے۔ ہرشی، ایران کی حمایت والے لبنانی گروپ، حزب اللہ کے سربراہ کے بھتیجے بھی تھے۔ ایک بیان میں IDF نے کہا کہ اُس نے جنوبی لبنان میں دریائے Litani کے جنوب میں حزب اللہ کے ذریعے استعمال کیے جانے والے دو اہم راستوں، 10اسلحہ گوداموں، لانچرز اور کمان مراکز کو بھی نشانہ بنایا ہے۔ یہ حملے امریکہ اور ایران کے درمیان دو ہفتے کی جنگ بندی کے اعلان کے ایک دن بعد کیے گئے ہیں۔ IDF کے چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل Eyal Zamir نے کہا کہ اسرائیل حزب اللہ کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے گا اور فوجی کارروائی کے ہر موقع کا استعمال کرے گا۔اس دوران بھارت میں اسرائیل کے سفیر Reuven Azar نے آج اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو کے اُس بیان کو دوہرایا کہ لبنان، امریکہ اور ایران کے درمیان جاری دو ہفتے کی جنگ بندی کا حصہ نہیں ہے۔ ایک نیوز ایجنسی کے ساتھ خصوصی انٹرویو میں اسرائیلی سفیر نے کہا کہ اسرائیل نے اِس بات کو واضح کر دیا ہے اور امریکی انتظامیہ نے بھی اِس کی تصدیق کر دی ہے۔ دوسری طرف ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد Bagher Qalibaf نے خبردار کیا ہے کہ لبنان میں حزب اللہ کے ٹھکانوں پر اسرائیل کے مسلسل حملے، واضح نقصانات اور سخت ردّ عمل کا باعث بنیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے .........

## VC Vinod Kumar

ایران نے لبنان میں اسرائیل کے حملوں کی سخت نکتہ چینی کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ یہ حملے جاری مذاکرات کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ صدر مسعود پزشکیان نے اِن حملوں کو ابتدائی جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی قرار دیا اور کہا کہ اسرائیل کی مسلسل جارحیت، مذاکرات کو بے معنی بنا دے گی۔ یوروپی سفارتکاروں نے مطالبہ کیا ہے کہ لبنان کو بھی وسیع تر جنگ بندی میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مسلسل حملے، اِس نازک جنگ بندی کو ختم کرسکتے ہیں۔ ایران نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والی جہاز رانی پر بھی اپنی نگرانی کم نہیں کی ہے، جس سے خدشہ ہے کہ اگر کشیدگی میں اضافہ ہوتا ہے تو عالمی سطح پر توانائی کی فراہمی متاثر ہوسکتی ہے۔

دوبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں محمد عمار

## Israel Amabssadoor

بھارت میں اسرائیل کے سفیر Reuven Azar نے کہا ہے کہ اسرائیل، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایران سے متعلق 15نکاتی منصوبے سے کافی مطمئن ہے۔ نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے خوشی کا اظہار

کیا کہ سفارتکاری کو ایک بار پھر موقع دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی حکومت اِس لمحے سے فائدہ اٹھائے گی اور تعاون کرے گی۔ x

## Poshan Pakhwada

خواتین اور بچوں کی نشو ونما کے محکمے کی وزیر انّ پورنا دیوی نے آج نئی دلّی میں آٹھویں پوشن پکھواڑے 2026 کا افتتاح کیا۔ پوشن پکھواڑے کا موضوع ہے ''زندگی کے ابتدائی 6 برسوں میں زیادہ سے زیادہ ذہنی نشو ونما''۔ اِس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ یہ پکھواڑہ تغذیے کو ایک عوامی تحریک میں تبدیل کرنے کی ایک کوشش ہے۔ انھوں نے کہا کہ آنگن واڑی، آشا اور اگلی صفوں میں کام کرنے والے کارکن اِس تحریک میں بنیادی اہمیت کے حامل ہیں، جو مراکز سے گھروں سے بلا تکان کام کر رہے ہیں۔

**S/B 2045 Annpurna Devi**

وزیر موصوف نے ایک بار پھر حکومت کے ملک سے خون کی کمی اور تغذیے کی کمی کے مسائل کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے پوشن ٹریکر ایپ میں Home Visit Scheduler کا افتتاح بھی کیا۔x

## AP Maoist

Alluri Sitharama Raju ضلعے کے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس امت بردار کے سامنے آج پانچ ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی۔ خودسپردگی کرنے والوں میں ایک DVCM رینک کا ممبر، تین ACM/PPCM رینک کے ممبر اور ایک کاڈر ممبر شامل ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ DVCM ممبر پر تین لاکھ روپئے کا انعام تھا جبکہ ACM رینک کے ممبروں پر ایک–ایک لاکھ روپئے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے SP نے بتایا یہ ماؤنواز اِس سے قبل جنوبی بَستر سے سرگرم تھے اور Hidma گروپ کے ساتھ کام کرتے ہوئے پیپلز لبریشن گوریلا آرمی PLGA کا حصہ تھے۔ یہ آندھراپردیش–تلنگانہ سرحد پر کئی بم دھماکوں اور کارروائی میں مبینہ طور پر ملوث رہے ہیں۔x

## Doordarshan MoU

دور درشن نے نئی دلّی میں ثقافتی تعلقات کے بھارتی کونسل ICCR کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ اطلاعات و نشریات کی وزارت نے کہا ہے کہ اِس شراکت داری کا مقصد دور دور تک رسائی رکھنے والا پرسار بھارتی کا ٹیلی ویژن، دور درشن، ریڈیو اور ڈیجیٹل ایکو نظام کو استعمال کیا جائے گا تا کہ ICCR کی جانب سے فراہم کردہ ثقافتی مواد تک رسائی کو بڑھایا جاسکے۔ اِس مفاہمت نامے کے تحت ICCR، ثقافتی مواد اور پرفارمینسز فراہم کرے گا، جبکہ دور درشن اِس کی کوریج اور نشریات کی ذمہ داری اٹھائے گا اور اپنے ٹی وی چینلوں، ریڈیو نیٹ ورکس، OTT پلیٹ فارمز اور سوشل میڈیا سمیت مختلف ذرائع سے اسے نشر کرے گا۔ x

## Asian Boxing Championship

منگولیا کے ULAANBATAAR میں ایشیائی مکے بازی چمپئن شپ 2026میں بھارتی خواتین ٹیم نے تاریخی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے میڈل کی فہرست میں اوّلین مقام حاصل کیا۔ بھارتی ٹیم نے دس تمغے حاصل کئے جس میں سونے کے چار، چاندی کے دو اور کانسے کے چار تمغے شامل ہیں۔ مناکشی نے 48 کلوگرام زمرے میں منگولیا کی Nomundari Enkh Amgalan کے خلاف پانچ–صفر کی شاندار جیت کے ساتھ دن کا پہلا سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ 54 کلوگرام زمرے میں پریتی نے اپنی شاندار کارکردگی جاری رکھتے ہوئے چینی Taipei کی Huang Hsiao-Wen کو پانچ–صفر سے ہرا کر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

60 کلوگرام زمرے میں پریا نے شمالی کوریا کی Won Un-Gyong کے خلاف فائنل میں تین–ایک کی جیت کے ساتھ ایک اور سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

70 کلوگرام زمرے میں اروندھتی نے قزاخستان کی Bakyt Seidish کو چار–ایک سے ہرا کر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ بھارت نے دو چاندی کے تمغے جیتے جس میں 57 کلوگرام زمرے میں Jaismine، Runner up رہیں جبکہ 80 کلوگرام زمرے میں الفیان پٹھان نے بھی چاندی کا تمغہ جیتا۔×

## J&K Traffic

جموں و کشمیر میں، جموں–سرینگر قومی شاہراہ NH-44 آج پھر سے بحال کردی گئی ہے۔ مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے رام بن ضلعے کی یہ شاہراہ گزشتہ دو دنوں سے بند تھی۔

وادیِ کشمیر کو ملک کے دوسرے حصے سے جوڑنے والی 270 کلو میٹر طویل یہ اسٹریٹجک قومی شاہراہ، مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے منگل کی دوپہر سے بند تھی۔ ٹریفک پولیس نے رام بن ضلع کے شال گڑھی، بنی ہال، Digdol، خونی نلّا، کرول بِرج اور چندر کوٹ علاقے میں ملبہ ہٹا کر 900سے زیادہ گاڑیوں کو روانہ کیا۔ x

## Badminton

بیڈ منٹن ایشیا چمپئن شپ میں چین کے Ningbo میں آیوش شیٹی نے اپنی شاندار کارکردگی جاری رکھتے ہوئے Chin Yujen کو سیدھے گیمس میں 21-16اور 21-12سے ہرا کر مردوں کے سنگلز کے کواٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ کواٹر فائنل میں ان کا مقابلہ عالمی درجہ بندی میں تیسرے رینک کے کھلاڑی انڈونیشیا کے Jonotan کرسٹی سے ہوگا۔ حالانکہ دو مرتبہ کی اولمپک تمغہ یافتہ پی وی سندھو اور سابق عالمی چمپئن تمغہ یافتہ اچ ایس پرنے دوسرے راؤنڈ میں اپنے اپنے مقابلوں میں ہارکر چمپئن شپ سے باہر ہوگئے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆